12 5 SEP 2019

منصف

اردو یونیورسٹی کوراج بھاشا ایوارڈ کی پیشکشی

حیدرآباد، 24/ستمبر (پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی کو ٹاؤن آفیشیل لینگویج عمل آوری کمیٹی (ٹی او ایل آئی سی) (سنٹرل گورنمنٹ-1)، حیدرآباد کی جانب سے قومی زبان ہندی کے فروغ اور استعمال پر انعام سوم کا حقدار قرار دیا گیا ہے۔ 19/ستمبر کو جیولوجیکل سروے آف انڈیا ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ، حیدرآباد میں منعقدہ ایک تقریب میں کے پی شرما، ڈپٹی ڈائریکٹر (عمل درآمد) ساؤتھ زون آفس، بنگلورو، محکمہ سرکاری زبان، وزارت داخلہ، حکومت ہند نے یونیورسٹی کو ایک شیلڈ عطا کی جسے یونیورسٹی کی ہندی آفیسر ڈاکٹر شگفتہ پروین نے حاصل کیا۔ یونیورسٹی کے وائس چانسلر ڈاکٹر محمد اسلم پرویز، پرووائس چانسلر پروفیسر ایوب خان اور رجسٹرار ڈاکٹر ایم اے سکندر نے اس کامیابی پر یونیورسٹی کے سرکاری زبان سیل کو مبارکباد پیش کی۔

۴۶

HINDI MILAP

मौलाना आज़ाद राष्ट्रीय उर्दू विश्वविद्यालय को राजभाषा पुरस्कार

हैदराबाद, 24 सितंबर-(मिलाप ब्यूरो) केन्द्र सरकार की नगर राजभाषा कार्यान्वयन समिति (केन्द्र सरकार कार्यालय-1), हैदराबाद की सातवीं छह माही बैठक भारतीय भूवैज्ञानिक सर्वेक्षण प्रशिक्षण संस्थान (जीएसआईटीआई), बंड्लागुड़ा, हैदराबाद में सम्पन्न हुई। बैठक में मुख्य अतिथि के.पी. शर्मा (उप-निदेशक, कार्यान्वयन, दक्षिण क्षेत्र कार्यालय, बेंगलुरू, राजभाषा विभाग, गृह मंत्रालय, भारत सरकार) ने भाग लिया।

अवसर पर नराकास द्वारा वर्ष 2018-19 में राजभाषा के बेहतर कार्यान्वयन के लिए मौलाना आज़ाद नेशनल उर्दू विश्वविद्यालय, हैदराबाद को तृतीय पुरस्कार से सम्मानित किया गया। यह पुरस्कार मुख्य अतिथि के.पी. शर्मा द्वारा प्रदान किया गया। उर्दू विश्वविद्यालय की राजभाषा अधिकारी डॉ. शगुफ़्ता परवीन ने इसे गर्व का विषय बताया। विश्वविद्यालय के कुलपति डॉ. मोहम्मद असलम परवेज़, सम-कुलपति प्रो. अय्यूब ख़ान व.कुलसचिव डॉ.एम.ए. सिकन्दर ने विश्वविद्यालय के राजभाषा प्रकोष्ठ को उपलब्धि पर बधाई दी।

2 5 SEP 2019

منصف

مانو فاصلاتی کورسس، 30 ستمبر داخلوں کی آخری تاریخ

حیدرآباد، 24/ستمبر (پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی، نظامت فاصلاتی تعلیم میں داخلوں کے لیے آن لائن فارم جمع کرنے کی توسیع شدہ تاریخ 30 ستمبر ہے۔ پروفیسر ابوالکلام، ڈائرکٹر انچارج، نظامت فاصلاتی تعلیم کے بموجب یو جی سی ڈسٹنس ایجوکیشن بیورو (UGC-DEB) نے ملک کی مختلف ریاستوں میں آفات سماوی کے پیش نظر داخلوں کی تاریخ میں توسیع کی ہے۔ ای پراسپکٹس اور آن لائن درخواست فارم ویب سائٹ /https://manuucoe.in/DDEOnlineAdmission19 پر دستیاب ہیں۔ اُمیدوار مزید تفصیلات کے لیے طلبہ رہبری یونٹ ہیلپ لائن 040-23008463 اور 040-23120600 (ایکسٹنشن 2207) سے رابطہ کرسکتے ہیں۔ اس کے علاوہ طلبہ حیدرآباد، نئی دہلی، کولکتہ، بنگلور، ممبئی، پٹنہ، دربھنگہ (بہار)، بھوپال، رانچی، امراوتی، سری نگر (جموں وکشمیر)، جموں، نوح (میوات)، لکھنؤ میں واقع یونیورسٹی کے ریجنل/سب ریجنل سنٹرس سے رابطہ کرسکتے ہیں۔

منصف

25 SEP 2019

شعبہ اسلامک اسٹڈیز مانو میں استقبالیہ تقریب کا انعقاد

حیدرآباد، 24رستمبر (پریس نوٹ) ''طلبہ اپنی روزمرہ کی زندگی میں مطالعہ کے لئے وقت مقرر کریں، اپنے اندر کی خصوصیات کو نکھارنے کی کوشش کریں، اور احساس کمتری کا شکار نہ ہوں۔ ہرگز یہ نہ سوچیں کہ میرے اندر کوئی خصوصیت نہیں ہے۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ نے سب کو بہترین خلقت میں پیدا فرمایا ہے اور بھرپور صلاحیتوں سے نوازا ہے۔'' ان خیالات کا اظہار صدر شعبہ اسلامک اسٹڈیز، مانو، پروفیسر محمد فہیم اختر نے بزم طلبہ کے تحت منعقدہ استقبالیہ تقریب کے موقع پر کیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ ''جب سے حصولِ علم کے لئے دوردراز علاقوں کا سفر کرنا رکا ہے، تبھی سے علم کے انحطاط اور زوال کا دور شروع ہو گیا ہے''۔ ڈاکٹر شکیل احمد (اسسٹنٹ پروفیسر شعبہ) نے نئے طلبہ کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ ''طلبہ گوناگوں صلاحیتوں کے مالک ہوتے ہیں، لہٰذا شعبہ کی کوشش رہے گی کہ ان صلاحیتوں کی آبیاری کر کے انھیں نکھارا جائے اور ایک ایسا تعمیری اور مثبت رخ دیا جائے جو مستقبل میں ایک کامیاب زندگی میں معاون ومددگار ثابت ہو''۔ انہوں نے مزید کہا کہ ''یہ محض تعارفی نشست نہیں ہے بلکہ یہ طلبہ کے درمیان الفت ومحبت اور باہمی تعاون وہمدردی کی ایک ایسی فضاء تیار کرنا ہے جو وقت کی اہم ضرورت ہے اور اسلام کی مطلوبہ صفات بھی ہیں''۔ ایم اے سالِ دوم کے طلبہ کو اس تقریب کے کامیاب انعقاد پر مبارکباد پیش کی۔ بزم طلبہ کی اس تقریب کو ایم اے سال دوم کے طلبہ نے اپنے جونیئر اور نئے داخلہ لینے والے ساتھیوں کے لئے آراستہ کیا تھا۔ اس موقع پر سال دوم کے طالب علم شیخ سیف الدین نے اپنے نئے ساتھیوں کا استقبال کیا۔ ایم اے سال دوم کی طالبہ سمیرہ رابعہ نے بزم طلبہ کے تحت ہونے والے سال بھر کے پروگراموں کا تعارف کروایا۔

M

5 SEP 2019

منصف

مانو کے فاصلاتی طلبہ کیلئے پلیسمنٹ ڈرائیو

حیدرآباد۔24 ؍ستمبر (پریس نوٹ)
مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے تربیت و تعیناتی سیل اور نظامت فاصلاتی تعلیم کے زیر اشتراک پلیسمنٹ ڈرائیو کا اہتمام کیا جارہا ہے ۔ ڈاکٹر محمد یوسف خان کے بموجب مانو کے فاصلاتی کورسز کامیاب طلبہ یا فائنل ایئر کے گریجویشن، پوسٹ گریجویشن، ڈپلوما، سرٹیفکیٹ پروگرامس میں تعلیم حاصل کررہے طلبہ لنک https://tinyurl.com/ddejobfair پر جو www.manuu.ac.in پر دستیاب ہے، 25 ؍ستمبر تک اپنا نام رجسٹر کرواسکتے ہیں۔ پلیسمنٹ ڈرائیو کی تاریخ کا متعاقب اعلان کیا جائے گا۔ انٹرویو کے وقت طلبہ اپنا تازہ ترین بائیوڈاٹا اور دو پاسپورٹ سائز فوٹو ساتھ رکھیں۔ تفصیلات کے لیے فون نمبرات 9985916740 اور 9848171044 پر بھی ربط پیدا کیا جاسکتا ہے۔

۲۹